Fikr-o-Nasar (Islamabad) 21:8 (1984)
© rasailojaraid.com

# نبی اکرم صلعم کے اخلاق حسنہ

ضیاء الحق

قرآن کریم کے مطابق نبی اپنے زمانے کا سب سے نیک اور سب سے بہادر انسان ہوتا ہے۔ وہ اخلاق کا ایک ایسا صاف و شفاف آئینہ ہوتا ہے جو تمام آلودگیوں اور غلاظتوں سے پاک ہوتا ہے۔

جب اخلاقی انحطاط کا دور دورہ ہو اور جب معاشرتی اور معاشی ظلم اور ناانصافیوں کی وجہ سے انسانی معاشرہ دو بڑے طبقوں رؤساء اور مستضعفون یعنی معاشی لحاظ سے طاقتور اور کمزور طبقوں میں منقسم ہو جاتا ہے تو انبیاء علیہم السلام وعید الٰہی بن کر مبعوث ہوتے ہیں*۔ لہذا یہ فطری امر ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی تعلیم و تبلیغ کے زیادہ تر مخاطب یہی کمزور اور بے کس انسان ہوتے ہیں جو بڑے طبقے کے استحصال کا شکار ہوتے ہیں ۔ چنانچہ ان کمزور لوگوں کی اکثریت ایمان لانے میں پیش پیش ہوتی ہے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے :

آیات کا اردو ترجمہ :

" اور ہم نے نوح ( علیہ السلام ) کو ان کی قوم کے پاس رسول بنا کر بھیجا ( یہ پیغام دے کر ) بھیجا کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت مت کرو۔ میں تم کو ( درصورت عبادت غیر اللہ کے صاف صاف ڈراتا ہوں۔ میں تمہارے حق میں ایک بڑے تکلیف دینے والے دن کے عذاب کا اندیشہ کرتا ہوں۔ سو ان کی قوم میں جو کافر سردار تھے وہ ( جواب میں ) کہنے لگے کہ ہم تم کو اپنے ہی جیسا آدمی دیکھتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارا اتباع انہی لوگوں نے کیا

---

* اوپر کے جملوں میں صیغۂ حال کے استعمال کو کسی غلط مفہوم میں نہ لیا جائے ، یہ محض اسلوب بیان ہے ورنہ اسلام کے بنیادی عقیدہ کی رو سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد نبوت کا سلسلہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے بند ہو گیا ہے۔

ہے جو ہم میں بالکل رذیل ہیں ۔ ( ہم ارا ذلنا بادی الرای ) ( جن کی عقل اکثر خفیف ہوتی ہے ) پھر وہ ( اتباع ) بھی محض سرسری رائے سے اور ہم تم لوگوں میں ( یعنی تم میں اور مسلمانوں میں ) کوئی بات اپنے سے زیادہ بھی نہیں پاتے بلکہ ہم تم کو ( بالکل ) جھوٹا سمجھتے ہیں ۔ نوح ( علیہ السلام ) نے فرمایا کہ اے میری قوم بھلا یہ تو بتلاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی جانب سے دلیل پر قائم ہوں ( جس سے میری نبوت ثابت ہوتی ہے ) اور اس نے مجھ کو اپنے پاس سے رحمت ( یعنی نبوت ) عطا فرمائی ہو پھر وہ ( نبوت یا اسکی حجت ) تم کو نہ سوجھتی ہو تو ( میں کیا کروں مجبور ہوں ) ۔ کیا ہم اس ( دعوی یا دلیل ) کو تمہارے گلے مڑھ دیں اور تم اس سے نفرت کئے چلے جاؤ اور ( اتنی بات اور زائد فرمائی ) کہ اے میری قوم میں تم سے اس ( تبلیغ پر ) کچھ مال نہیں مانگتا۔ میرا معاوضہ تو صرف اللہ کے ذمہ ہے اور میں تو ان ایمان والوں کو نکالتا نہیں (کیونکہ ) یہ لوگ اپنے رب کے پاس ( عزت و مقبولیت کے ساتھ ) جانے والے ہیں لیکن واقعی میں تم لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ ( خواہ مخواہ ) کی جہالت کر رہے ہو اور ( بے ڈھنگی باتیں کر رہے ہو ) اور ( بالفرض والتقدیر ) اگر میں ان کو نکال بھی دوں تو یہ ( بتلاؤ ) مجھ کو خدا کی گرفت سے کون بچالے گا ۔ کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتےاور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے تمام خزانے ہیں اور نہ ( میں یہ کہتا ہوں کہ ) تمام غیب کی باتیں جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور جو لوگ تمہاری نگاہوں میں حقیر ہوں میں ان کی نسبت ( تمہاری طرح ) یہ نہیں کہہ سکتا کہ اللہ تعالی ہرگز ان کو دولت نہ دے گا ۔ ان کے دلوں میں جو کچھ بھی ہو اس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے۔ میں تو ( اگر ایسی بات کہہ دوں تو ) اس صورت میں ستم ہی کردوں (۱) ۔

قــــرآن کی سورۃ الشعراء میں ارشاد فرمایا گیا ۔

" قوم نوح نے پیغمبروں کو جھٹلایا جب کہ ان سے ان کے برادری کے بھائی نوح ( علیہ السلام ) نے فرمایا کہ تم ( خدا سے ) نہیں ڈرتے ۔ میں تمہارا امانت دار پیغمبر ہوں۔ سو ( اس کا مقتضا یہ ہے کہ ) تم لوگ اللہ سے ڈرو اور میرا کہنا مانو اور ( نیز ) میں تم سے کوئی ( دنیوی ) صلہ نہیں مانگتا ۔ میرا صلہ تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔ سو ( میری اس بے غرضی کا مقتضا یہ ہے کہ)تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ۔ وہ لوگ کہنے لگے کہ کیا ہم تم کو مانیں گے حالانکہ رذیل لوگ تمہارے ساتھ ہو لئے ہیں (۲) ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جب آپ صلعم پر وحی نازل ہوئی تو آپ چالیس سال کی عمر کو پہنچ چکے تھے ۔ بعض روایتوں کی رو سے اس وقت آپ کی عمر تینتالیس سال تھی (۳) وحی آنے پر آپ مضطرب ہو گئے ۔ حضرت خدیجہ نے آپ کا حوصلہ بڑھایا اور فرمایا ۔

" خدا کی قسم ، خدا آپ کو کبھی نہیں چھوڑے گا اور خدا کی قسم آپ لوگوں سے اچھا سلوک کرتے ہیں ، سچ بولتے ہیں ، امانت کو ادا کرتے ہیں ، بوجھ اٹھاتے ہیں اور مہمان کو کھانا کھلاتے ہیں اور سچائی کے راستے پر چلنے میں جو مصائب و مشکلات پیش آتی ہیں ، اس میں آپ مدد کرتے ہیں " (۴) ۔ اور مفلس کو اس کی ضرورت کی اشیاء فراہم کرتے ہیں (۵) ۔ قرآن کریم نے آپ کے ان اخلاق کریمہ کو خلق عظیم سے موسوم کیا ہے (٦) ۔

وانک لعـلی خلـق عظیـم

(اور بے شک آپ اخلاق حسنہ کے اعلی پیمانہ پر ہیں )

بعثت سے پہلے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اخلاق کے بلند درجے پر فائز تھے ۔ آپ جوانی میں ہی صادق اور امین کے القاب سے مشہور ہو چکے تھے ۔ سیرت النبی ( ابن ہشام ) میں آیا ہے ، " آنحضرت صلعم جوان ہوئے تو اللہ تعالی نے آپ جاھلیت کی تمام غلاظتوں سے بچائے رکھا ۔ اور آپ مروت میں اپنے قبیلے کے افضل ترین انسان تھے ۔ آپ کا اخلاق سب سے بہتر تھا ۔ حسب ونسب میں سب سے کریم تھے ، پناہ دینے میں ، حلم میں ، سچ کہنے میں اور امانت ادا کرنے میں سب سے آگے تھے " (۷) ۔

جب نبی اکرمؐ مبعوث ہوئے تو اس وقت مکہ ایک بڑا تجارتی مرکز بن چکا تھا اور شمال و جنوب اور مشرق و مغرب کی طرف جانے والے تجارتی راستوں پر واقع ہونے کی وجہ سے اسے خاصی اھمیت حاصل ہو چکی تھی ۔ تجارت کے ساتھ ساتھ وہاں ایک ایسا معاشی نظام بھی وجود میں آچکا تھا جس میں رئیس تاجر نچلے طبقے کے لوگوں کا استحصال کرتے تھے ۔ سودی کاروبار جسے قرآن نے " ربا " کا نام دیا ہے عام تھا (۸) ۔

سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۲۷۸ ( یا ایھاالذین آمنو اتقواللہ و ذروا ما بقی من الـربا ) ۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور جو کچھ ربا کی صورت میں باقی ہے اسے چھوڑ دو ) کے متعلق الواحدی کی کتاب اسباب النزول میں رقم ہے کہ ، " حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ یہ آیت ثقیف کے بنوعمرو بن عمیر بن عوف

اور بنو مخزوم کے بنو المغیرہ کے بارے میں نازل ہوئی ۔ بنو المغیرہ ، ثقیف کے لوگوں سے ربا یعنی سود پر رقمیں اور مال حاصل کیا کرتے تھے اور جب نبی اکرم نے مکہ فتح کرلیا اور تمام ربا باطل قرار دیا تو بنو عمرو بن عمیر اور بنو المغیرہ آپس میں جھگڑنے لگے اور اپنا مقدمہ عامل مکہ حضرت عتاب بن اسید کے پاس لائے ۔ بنو المغیرہ نے شکایت کی کہ بنو عمرو ربا کے معاملے میں سخت دل ہیں ۔ بنو عمرو بن عمیر نے اپنی صفائی پیش کی کہ ہم نے مصالحت کر لی ہے کہ جو ربا ہم نے کمایا ہے وہ ہمارا ہے ۔ حضرت عتاب نے اس معاملے کے بارے میں نبی اکرم کو لکھا ، اس پر حرمت ربا کی آیات نازل ہوئیں ۔ سود خوروں کو یہ وعید سنائی گئی کہ اگر وہ سود خوری سے باز نہیں آتے تو خدا اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کیلئے تیار رہیں " (۹) ۔

اسی سلسلے میں ایک دوسری روایت اس طرح ہے :

حضرت عطا اور عکرمہ فرماتے ہیں کہ یہ آیت حضرت عباس بن عبدالمطلب اور حضرت عثمان ابن عفان کے متعلق نازل ہوئی ، ان دونوں حضرات نے کسی غریب کسان کو کجھوریں قرض پر دی ہوئی تھیں ۔ جب کجھوروں کی فصل کٹنے کا وقت آیا تو غریب کسان ان دونوں کے پاس پہنچا اور کہا کہ اگر میں آپ دونوں کا قرض ادا کر دوں تو میرے بچوں کے لیے کھانے کو کچھ نہیں بچے گا ، کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ آپ آدھا قرض واپس لے لیں اور باقی آدھے کو میں دگنا کرکے ادا کر دوں گا ۔ وہ دونوں اس پر راضی ہو گئے ، جب قرض چکانے کا وقت آیا تو ان دونوں نے اپنا زیادہ حصہ مانگا یعنی اصل بھی اور دوگنا سود بھی ۔ اس معاملے کی اطلاع جب نبی اکرم صلعم کو ملی تو انہوں نے منع فرمایا ، اس پر دونوں نے آیت مبارکہ کے مطابق عمل کیا اور صرف وہ کجھوریں واپس لیں جو کہ قرض پر دی تھیں ( باقی سارا سود چھوڑ دیا ) (۱۰) ۔ ایک تیسری روایت ہے کہ یہ آیت مبارکہ حضرت عباس اور حضرت خالد بن الولید کے بارے میں نازل ہوئی، یہ دونوں جاھلیت میں سودی کاروبار کیا کرتے تھے اور اس طرح بہت سا مال و دولت پید کر لیا تھا ۔ اسلام آنے کے بعد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔

" خبردار ۔ جاھلیت کا تمام ربا ختم کر دیا گیا ہے اور سب سے پہلے جو ربا میں ختم کرتا ہوں ، وہ حضرت عباس ابن عبدالمطلب کا ربا ہے " (۱۱) ۔

ربا کی طرح مزارعت بھی استحصالی کاروبار تھا ، جس میں غریب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کاشتکار زمین کو اس کی پیداوار کے عوض مال دار زمینداروں سے کرائے پر لیا کرتے تھے مزارعت کی کئی اقسام تھیں جن میں محاقلۃ اور مخابرۃ کا ذکر صحاح ستۃ میں کثرت سے آیا ہے۔ محاقلہ اور مخابرہ کی بھی بے شمار صورتیں تھیں بعض اوقات زمین کا مالک مزارعین کو برائے کاشت زمین دیتے ہوئے یہ شرط لگا دیتا تھا کہ زمین کے زرخیز حصے پر جو فصل ہوگی وہ تو زمین کے مالک کی ہوگی لیکن جو فصل کم زرخیز حصے پر ہوگی وہ مزارعین کی ہوگی۔ اور جب فصل تیار ہوتی تو بنجر علاقے پر کچھ نہ ہوتا اور مزارعین کی تمام تر محنت کا صلہ زمین کا مالک لے جاتا۔ محاقلے کی دوسری شکل یہ ہوتی کہ مزارعین کاشت سے پہلے زمین کا کرایہ اجناس کی صورت میں ( شکل میں ) ادا کر دیتے، اس کے بعد فصل ہو یا نہ ہو یہ مزارعین کے مقدر کی بات تھی۔ لیکن مزارعت کی جو عام شکل رائج تھی وہ یہ تھی کہ مزارعین اور مالک زمین کاشت سے پہلے یہ شرط لگاتے کہ محنت اور کاشت کے اوزار تو مزارعین مہیا کریں گے اور زمین مالک مہیا کرے گا اور اس طرح جو فصل ہوگی اسے برابر برابر یا کسی اور طریقے سے آپس میں تقسیم کر لیں گے (۱۲)۔

نبی اکرم ﷺ نے ان تمام اقسام کو استحصالی قرار دے کر ممنوع فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ جس کسی کے پاس فالتو زمین ہو یا تو وہ خود کاشت کرے یا پھر اپنے کسی بھائی کو مفت دے دے یا اسے روک لے۔ کرائے پر نہ دے* (۱۳)

مال دار ساہوکاروں نے سودی کاروبار کے ذریعے اور زمین کے مالکوں نے مزارعۃ اور محاقلۃ جیسے کاشت کے طریقوں کے ذریعے عوام الناس کو اپنے استحصالی پنجوں میں جکڑا ہوا تھا (۱۴)۔ چونکہ اکیلے فرد کی بقا اور زندگی محال تھی اس لیے وہ مختلف قبائل کے ساتھ مل کر زندگی کی جدوجہد میں شریک تھا۔ بڑا اور طاقت ور قبیلہ کمزور قبیلوں کو تہس نہس کر دیتا تھا جیسے بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو کھا جاتی ہے۔ جو شخص قبیلے کا فطری فرد نہ ہوتا یعنی خونی رشتے میں منسلک نہ ہوتا تو وہ کسی طاقت ور قبیلے کا حلیف یعنی مولی بن جاتا اور اس قبیلے کی پناہ میں آ جاتا تھا۔ ایسے بہت سے

---

* مزارعت ایک مختلف فیہ مسئلہ ہے، فقہاء احناف میں بھی اس سے متعلق دو رائے پائی جاتی ہیں۔ امام ابوحنیفہ اس کے ناجائز ہونے کے قائل ہیں اور صاحبین جواز کا فتوی دیتے ہیں۔ حنبلی فقہاء صاحبین کا مؤقف رکھتے ہیں اور شوافع مزارعت کی تمام صورتوں کو ناجائز قرار دیتے ( ادارہ )

لوگ جو محنت کش ہوتے یعنی لوہار ، معمار ، ترکھان یا کاشتکار ، وہ مکے جیسے تجارتی شہر میں پناہ لینے پر مجبور ہو جاتے تھے ۔ قبائل کے سردار اور امیر لوگ ان محنت کش افراد کو رذیل اور ادنی سمجھتے تھے ۔ نبی اکرمؐ چونکہ خدا ترس اور رحم دل تھے وہ نبوت سے پہلے بھی مکے کے ایسے ھی غریب اور مظلوم انسانوں کے پاس بیٹھتے تھے اور انھیں نیک کاموں کی ترغیب دیتے تھے ۔ جب آپ صلعم پر وحی نازل ہوئی تو یہ محنت کش افراد سب سے پہلے ایمان لانے والوں میں پیش پیش تھے ۔

" حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ قریش نے النضر بن الحارث بن العلقمہ اور عقبہ بن ابی معیط وغیرھم کو یثرب کے یہودیوں کے پاس بھیجا ، انہوں نے یہود یثرب کو بتایا کہ مکے میں عجیب و غریب امر واقع ہوا ہے ۔ قریش کا ایک معمولی سا یتیم نوجوان بڑی بات کہتا ہے ۔ وہ دعوی کرتا ہے کہ وہ خدا کا بھیجا ہوا نبی ہے ۔ یہود یثرب نے پوچھا کہ اس کے بارے میں کچھ اور بتاؤ اور یہ بتاؤ کہ اس کے پیروکار کون لوگ ھیں ، ۔ انہوں نے جوابدیا کہ ھمارے ہاں کے نچلے ( سفلتنا ) طبقے کے لوگ اس کی پیروی کر رہے ھیں (۱۵) ۔

قرآن پاک کی مکی سورۃ الانعام (١٦) میں اسی محنت کش طبقے کی طرف اشارہ ہے جو سب سے پہلے ایمان لایا اور جس سے رؤساء قریش سخت نفرت کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اگر اسلام میں ایسے کم تر لوگوں کے لیے جگہ ہے تو ھم کیوں مسلمان ہوں ۔ انہوں نے رسول اکرم ﷺ سے کہا کہ اگر آپ یہ خواھش رکھتے ھیں کہ ھم حلقہ بگوش اسلام ہوں تو ان ادنی درجہ کے لوگوں کو اپنے سے دور کیجیئے ۔ اس پر مندرجہ ذیل سورۃ نازل ہوئی اور اللہ تعالی نے فرمایا :۔

" اور ان لوگوں کو نہ نکالئے جو صبح وشام اپنے پروردگار کی عبادت کرتے ھیں جس سے خاص اس کی رضامندی کا قصد رکھتے ھیں ، ان کا حساب ذرا بھی آپ کے متعلق نہیں اور آپ کا حساب ذرا بھی ان کے متعلق نہیں ، کہ آپ انکو نکال دیں ۔ ورنہ آپ نامناسب کام کرنے والوں میں ہو جائیں گے اور اسی طور پر ھم نے ایک کو دوسرے کے ذریعہ سے آزمائش میں ڈال رکھا ہے تاکہ یہ لوگ کہا کریں ، کیا یہ لوگ ھیں کہ ھم سب میں سے اللہ تعالی نے ان پر زیادہ فضل کیا ہے ۔ کیا یہ بات نہیں ہے کہ اللہ تعالی حق شناسوں کو خوب جانتا ہے " ۔

الواحدی نے اسباب النزول میں اس کی تفصیل دی ہے ۔ اس سے ھمارا نقطۂ نظر اور واضح ہو جاتا ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



„حضرت سعد سے روایت ہے کہ یہ آیات ( ٦ : ۵۲ ـ ۵۳ ) ہم چھ افراد یعنی میں خود ، عبداللہ بن مسعود ، صہیب ، عمار ابن یاسر ، المقداد اور بلال کے بارے میں نازل ہوئیں ـ اہل قریش رسول اللہ صلعم کے پاس آئے اور کہا کہ چونکہ یہ ادنی درجے کے لوگ آپ کے پیروکار ہیں اس لئے ہم مسلمان نہیں ہوں گے ، آپ ان کو اسلام سے خارج کر دیں تو ہم آپ کا کہنا مان لیں گے ـ اس پر نبی اکرم بے چین ہو گئے تو یہ آیات نازل ہوئیں " (۱۷) ـ

ایک دوسری روایت میں ہے کہ " حضرت خباب بن الأرت فرماتے ہیں کہ یہ آیات ہمارے بارے میں نازل ہوئیں ـ ہم کمزور لوگ ( ضعفاء ) تھے جو نبی اکرم کے پاس صبح و شام بیٹھتے تھے ، ہمیں آپ قرآن پاک کی تعلیم دیا کرتے تھے اور اچھی باتیں سناتے تھے ہمیں جنت اور دوزخ کا ذکر کرکے ڈرایا کرتے تھے اور وہ باتیں بتاتے جو ہمیں فائدہ پہنچاتیں ـ موت کے متعلق اور مرنے کے بعد جی اٹھنے کے متعلق باتیں بتایا کرتے تھے ـ ایک بار الاقرع بن حابس التمیمی اور عیینة بن حصن الفزاری ہماری طرف آئے ( رسول پاک ہمارے پاس بیٹھے تھے ) وہ کہنے لگے کہ ہم اپنی قوم کے سردار ہیں اور ہمیں یہ پسند نہیں کہ ایسے حقیر لوگ آپ کے پاس بیٹھیں ، اگر ہمیں اپنے پاس بٹھانا چاہتے ہو تو ان حقیر لوگوں کو نکال دو ـ آپ نے ہاں کہہ دی لیکن سرداران قریش راضی نہ ہوئے اور کہا کہ ہم دوات اور پارچہ لاتے ہیں تاکہ تحریر میں یہ بات لائی جائے ـ اس پر یہ آیات نازل ہوئیں " (۱۸) ـ

اس سلسلے میں ایک اور روایت مندرجہ ذیل ہے ـ

„ ابن مسعود فرماتے ہیں کہ ایک بار قریش کے امیر اور رئیس افراد رسول اللہ صلعم کے پاس آئے ، اس وقت آپ کے پاس خباب بن الأرت ، صہیبؓ ، بلالؓ اور عمارؓ تشریف فرما تھے ـ قریش رؤسا نے کہا کہ اے محمد ( صلعم کیا آپ نے واقعی ان حقیر لوگوں کو اپنا بنا لیا ہے ، کیا آپ چاہتے ہیں کہ ( اسلام قبول کرکے) ہم ان کے ماتحت ہو جائیں ، اس پر یہ آیات نازل ہوئیں " (۱۹) ـ

انہی اسناد کے ساتھ ایک اور روایت اس طرح ہے ـ

„ چند حضرات رسول پاک ﷺ کی مجلس میں جایا کرتے تھے ، ان میں حضرت بلال ، صہیب ، اور سلمان بھی تھے ، قریش کے رئیس اور سردار بھی آپ کے پاس آتے اور بیٹھ جاتے ـ ایک طرف یہ کمزور لوگ بیٹھتے اور دوسری طرف یہ رئیس بیٹھتے ، انہوں نے رسول اکرمؐ سے اس بات کا ذکر کیا اور کہا کہ ہم

لوگ آپ کی قوم کے رئیس اور سردار ہیں ، آپ کو ہماری طرف توجہ کرنی چاہئیے ، نہ کہ ان کمزور افراد کی طرف ۔ اس پر یہ آیات نازل ہوئیں » (۲۰)۔

حضرت عکرمہ کی روایت ہے کہ ایک بار عتبہ ابن ربیعہ ، مطعم ابن عدی ، اور الحرث ابن نوفل ، جوکہ بنو عبد مناف کے رئیس اور سردار تھے نبی اکرم ﷺ کے چچا ابو طالب کے پاس آئے اور کہنے لگے ، « اپنے بھائی کے بیٹے سے کہو کہ ہمارے ملازم ( موالینا ) غلام ( عبیدنا ) اور مزدور ( عسفاء نا ) نکال دے » ابو طالب نے یہ بات نبی اکرمؐ سے کہی ، اس پر یہ آیات نازل ہوئیں (۲۱) ۔

جن دنوں نبی اکرم اور کفار قریش کے درمیان ( ہجرت کے بعد ) جنگ بند تھی ، ابو سفیان بن حرب قریش کا تجارتی قافلہ لے کر شام پہنچتے ہیں وہاں ایلیاء کے مقام پر ان کی ملاقات بزنطینی حکمران ہرقل (Heraclius) سے ہوتی ہے ، ہرقل کے استفسار پر کہ نبی اکرم کون ہیں ، ان کے پیرو کون ہیں ؟ ابوسفیان اس طرح جواب دیتے ہیں ۔

«اس نبی کے پیروکار یا تو کمزور لوگ ہیں ( ضعفاء ) یا پھر مفلس اور نوجوان ( ۲۱ الف ) ہیں یا پھر عورتیں ہیں ۔ جہاں تک قوم کے رئیسوں اور سرداروں کا سوال ہے سو ان میں سے ایک بھی مسلمان نہیں ہوا اور مسلمانوں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے کم نہیں ہوتی ، اس نبی کا حسب و نسب اوسط درجے کا ہے » ( یعنی نہ وہ امیر ہے نہ ہی غریب ) (۲۲) ۔

حضرت عمار ابن یاسر کہا کرتے تھے کہ میں جب کبھی حضور اکرم صلعم سے ملنے جاتا ، ان کے پاس پانچ غلام ہوتے یا دو عورتیں ہوتیں اور حضرت ابوبکر بھی موجود ہوتے (۲۳) ۔

ان روایات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ سب سے پہلے مسلمان ہونے والے افراد کی اکثریت کا تعلق نچلے طبقوں کے مظلوم لوگوں سے تھا ، یا تو یہ غلام تھے یا پھر محنت کش اور لوہار اور معمار وغیرہ ۔ عورتیں بھی مظلوم تھیں کیونکہ نہ تو ان کو وراثت میں حصہ ملتا تھا اور نہ ہی ان کی معاشرے میں کوئی توقیر و عزت تھی ۔ نوجوان لوگ کسی مقصد یا ( IDEAL ) کی تلاش میں تھے تاکہ معاشرے کو غلاظتوں اور برائیوں سے بچا سکیں ۔ قرآن پاک نے ان کمزور طبقوں کو المستضعفون کا نام دیا ہے ۔

حضرت خباب بن الأرت اسلام سے قبل لوہار کا کام کرتے تھے (۲۴) حضرت صہیب بن سنان رومی غلام تھے ، اسلام قبول کرنے کی وجہ سے انہیں بہت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایذائیں دی گئیں (۲۵) حضرت عامر بن فہیرہ غلام تھے جنھیں حضرت ابوبکر نے خرید کر رہا کر دیا تھا ، ان کو بھی مکہ میں کفار نے ایذائیں دیں (۲٦) ۔

حضرت بلال بن رباح حبشی نژاد تھے ، مکے کے جمح قبیلے میں غلام پیدا ہوئے ، بعض روایات کے مطابق مردوں میں حضرت ابوبکر کے بعد اسلام لائے ۔ چونکہ غلام تھے اس لئے مکے میں ان پر بہت زیادہ مظالم توڑے گئے ، حضرت ابوبکر نے ان کو خرید کر رہا کر دیا (۲۷) ۔

حضرت عمار بن یاسر کے والد یاسر یمن سے مکہ آئے اور ابو حذیفہ بن المغیرہ کے حلیف یعنی مولی بن گئے ۔ یاسر اور انکی بیوی حضرت سمیۃ اور حضرت عمار مکے میں مسلمان ہو گئے تھے ۔ حضرت صہیب اور حضرت عمار اکٹھے ہی مسلمان ہوئے ۔ ایک روایت کے مطابق حضرت عمار اور حضرت صہیب چونتیسویں یا پینتیسویں نمبر پر پہلے مسلمان ہونے والے تھے ، آل یاسر پر کفار نے بہت مظالم ڈھائے ۔ حضرت عمار کی والدہ حضرت سمیہ کا انتقال اسی اذیت میں ہوا (۲۸) ۔

ان کمزور افراد کو قرآن پا نے المستضعفون کا خطاب دیا ہے ۔ یہ جامع اصطلاح ہے ، جس سے مراد نچلے طبقوں کے غریب مفلس اور مظلوم لوگ ہیں جن پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا جاتا ہے ۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے ۔

" اور تمہارے پاس کیا عذر ہے کہ تم جہاد نہ کرو اللہ کی راہ میں اور کمزوروں کی خاطر سے جن میں کچھ مرد ہیں اور کچھ عورتیں ہیں اور کچھ بچے ہیں جو دعا کر رہے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو اس بستی سے باہر نکال جس کے رہنے والے سخت ظالم ہیں اور ہمارے لئے غیب سے کسی دوست کو کھڑا کیجئیے اور ہمارے لئے غیب سے کسی حامی کو بھیجئیے (۲۹) ۔

اگرچہ مندرجہ بالا آیت مدنی ہے لیکن اس کا نبی اکرمؐ کے اخلاق حسنہ سے گہرا تعلق ہے ، نبی اکرم ﷺ بعثت سے پہلے بھی مکمل انسان تھے جن کے اخلاق کریمہ کی بدولت جزیرہ نمائے عرب کے مقہور و مظلوم انسانوں کو نجات ملی ۔ کمزور انسان اسلام لانے کے بعد اخلاق جلیلہ کے بلند مقام پر فائز ہوئے ۔ اور ایک مثالی معاشرے کی بنیاد انسانی مساوات ، آزادی اور اخوت کے سنہرے اصولوں پر رکھی کمزور ، غریب اور مفلس لوگوں کو ظلم اور جبر سے رہائی دلانا نبی اکرم ﷺ کی سنت ہے ۔

معاشرے کے جو اعلی اور امیر طبقے ظلم اور جبر ، جھوٹ اور فریب سے

کمزور اور غریب لوگوں کا جینا دوبھر کر دیتے ہیں انہیں قرآن پاک نے المستکبروں کا نام دیا ہے۔ قرآن پاک میں ہے کہ جب خدا تعالی نے ثمود کی طرف انہیں میں سے ان کے بھائی صالح علیہ السلام کو نبی بنا کر بھیجا تاکہ ان کو برے کاموں سے بچائے اور آنے والے عذاب الہی سے ڈرائے تو

« ان کی قوم میں جو متکبر سردار ( الملأ الذین استکبروا ) تھے انہوں نے غریب لوگوں سے جو کہ ان میں سے ایمان لے آئے تھے پوچھا کہ کیا تم کو اس بات کا یقین ہے کہ صالح علیہ السلام اپنے رب کی طرف سے بھیجے ہوئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ بے شک ہم تو اس پر پورا یقین رکھتے ہیں جو ان کو دے کر بھیجا گیا ہے۔وہ متکبر لوگ کہنے لگے کہ تم جس چیز پر یقین لائے ہوئے ہو ہم تو اس کے منکر ہیں ۔ غرض اس اونٹنی کو مار ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے کہ اے صالح علیہ السلام جس کی آپ ہم کو دھمکی دیتے تھے اس کو منگوائیے اگر آپ پیغمبر ہیں ۔ پس آپکڑا ان کو زلزلے نے سو اپنے گھر میں اوندھے کے اوندھے پڑے رہ گئے ۔ اس وقت صالح علیہ السلام ان سے منہ موڑ کر چلے اور فرمانے لگے کہ اے میری قوم میں نے تو تم کو اپنے پروردگار کا حکم پہنچا دیا تھا اور میں نے تمہاری خیرخواہی کی لیکن تم لوگ خیرخواہوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے » ۔

(قرآن پاک : سورۃ الاعراف آیات ۷۵ تا ۷۹ )

## حوالہ جات

بعثت سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ کو سمجھنے کے لئے جو مآخذ بنیادی ہیں ان میں قرآن پاک سر فہرست ہے۔ خصوصاً قرآن کی ابتدائی مکی آیات جن میں نبی اکرم ( اور دیگر انبیاء علیہم الصلوات ) کی حیات طیبہ کا ذکر آیا ہے۔ اس کے بعد قرآن کی تفاسیر اور صحاح ستہ میں رسول پاک کی سیرت کے چیدہ چیدہ پہلوؤں کا ذکر ہے۔ سیرت النبی ( ابن ہشام ) اور تاریخ کی کتابوں میں بھی سیرت پاک کے بیشتر پہلوؤں پر تفصیلی مواد ملتا ہے۔ اس ضمن میں پانچویں صدی ہجری کے مشہور مفسر ابو الحسن علی ابن احمد الواحدی النیشاپوری ( المتوفی ۴۶۸ ہجری ) کی کتاب اسباب النزول اور ھبۃ اللہ ابن سلامۃ ابی النصر ( المتوفی ۴۱۰ ہجری ) کی کتاب الناسخ والمنسوخ بھی نہایت اہم مصادر ہیں۔ علامہ جلال الدین سیوطی ( المتوفی ۹۱۱ ہجری ) کی کتاب اسباب النزول سے بھی خاطر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خواہ استفادہ کیا جا سکتا ہے لیکن اس کتاب کا موضوع ہماری بحث سے قدرے مختلف ہے، کتب الرجال سے بھی محنت شاقہ کے بعد مواد حاصل کیا جا سکتا ہے۔

( ۱ ) اس مضمون میں آیات کریمہ کا ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی کے ترجمہ قرآن سے لیا گیا ہے۔ لیکن اس آیت میں مولانا اشرف علی تھانوی صاحب نے خیر کا ترجمہ ثواب کیا ہے جو صحیح معلوم نہیں ہوتا، خیر کے معنی یہاں مال و دولت کے ہیں ورنہ یہ قرآنی آیت سمجھ میں نہیں آتی۔ ملاحظہ ہو: قرآن مجید سورۃ ہود، آیات نمبر ۲۵ تا ۳۱۔

( ۲ ) قرآن مجید، سورۃ الشعراء ۱۰۵ تا ۱۱۱

( ۳ ) طبری، تاریخ۔ جز ۳ ص ۳۹ ۱۱ ۔ ۴۱ ۱۱

( ۴ ) ایضاً، جز ۳۔ ص ۱۱۴۷

( ۵ ) البخاری، الصحیح، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلعم۔ ابن سعد، الطبقات الکبری، جزء اول۔ ص ۱۹۴، ۱۹۵۔

( ۶ ) قرآن، سورۃ القلم، آیت نمبر ۴۔ طبری، تاریخ، جز ۳۔ ص ۱۱۴۸

( ۷ ) ابن ہشام۔ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، المکتبہ التجاریۃ، قاہرہ۔ جزء اول ص ۱۹۷۔

( ۸ ) قرآن؛ سورۃ بقرہ، آیات ۲۷۵ ۔ ۲۸۰

( ۹ ) الواحدی، اسباب النزول، قاہرہ۔ مطبعۃ ہندیہ ۱۳۱۵ ہجری، ص ۶۴ ۔ ۶۵

( ۱۰ ) الواحدی، اسباب النزول، ص ۶۵

( ۱۱ ) ایضاً۔

( ۱۲ ) البخاری، الصحیح۔ کتاب البیوع، کتاب المزارعہ۔ مسلم، الصحیح۔ باب کراء الارض، باب النہی عن المحاقلۃ۔ ابن ماجہ، السنن۔ کتاب الرہون

( ۱۳ ) البخاری، الصحیح۔ کتاب البیوع
مسلم، الصحیح۔ کتاب البیوع

( ۱۴ ) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو:
Landlord and Peasant in Early Islam
( Islamabad : Islamic Research Institute , 1977 )

( ۱۵ ) ابن سعد، الطبقات الکبری۔ جز ۱، ص ۱۶۵

( ۱۶ ) قرآن، سورت الانعام۔ آیات ۵۲ ۔ ۵۳

( ۱۷ ) الواحدی، اسباب النزول۔ ص ۱۶۲

( ۱۸ ) ایضاً۔۔ ص ۱۶۲

( ۱۹ ) ایضاً۔ ملاحظہ ہو ابن ہشام، سیرت النبی۔ المکتبہ التجاریہ قاہرہ، جز ۱ ص ۳۲۰۔ طبری، تفسیر: جز ۱۱، ص ۳ ۳۷ ۔ ۳۷۵

( ۲۰ ) الواحدی، اسباب النزول، ص ۱۶۳

( ۲۱ )   الواحدی ، اسباب النزول ، ص ۱٦۳
( ۲۱ الف )
عسیف ( جمع عسفاء ) ایسا مزدور هے جس سے اجرت پر کام لیا جائے ، یا ایسا غلام جسے بہت حقیر گردانا جائے یا عام ملازم جو کام کے لئے رکھا جاتا هے ۔
امام احمد ابن حنبل ( المتوفی ۲۴۱ هجری ) نے اپنی المُسند میں حضرت جعفر ابن ابی طالب کی اس تقریر کا متن دیا هے جو انهوں نے حبشہ کے بادشاہ النجاشی کے دربار میں کی تھی یہ تقریر بہت اهم هے جس سے معلوم هوتا هے کہ پہلے مسلمانوں میں نوجوانوں کی اچھی خاصی تعداد تھی ۔

" حضرت ام سلمہ ام المومنین سے روایت هے کہ جب مسلمانوں نے حبشہ میں پناہ لے لی تو قریش نے سازش کر کے دو مضبوط آدمیوں یعنی عبداللہ بن ابی ربیعہ بن المغیرہ المخزومی اور عمرو بن العاص بن وائل السهمی کو تحائف دیکر حبشہ کے امراء اور بادشاہ کے پاس بھیجا تاکہ انکو رشوت دے کر مسلمان پناہ گزینوں کو واپس لے آئیں انهوں نے نجاشی سے درخواست کی کہ جو بیوقوف نوجوان ( غلمان سفهاء ) همارے هاں سے حبشہ آ گئے هیں انهیں ان کے حوالے کر دیا جائے اس پر نجاشی نے مسلمانوں کو دربار میں طلب کیا اور پوچھا کہ یہ کون سا دین هے جس کو اختیار کر کے تم نے اپنے هی لوگوں کو چھوڑ دیا هے اور نہ تو تم میرے هی دین میں داخل هوئے هو اور نہ هی کسی اور قوم کے دین میں ۔ اس پر حضرت جعفر نے جواب دیا اے بادشاہ هم لوگ جاهلیت میں تھے هم بتوں کی پوجا کرتے تھے مردہ جانوروں کو کھا جاتے تھے برے کام کرتے تھے رشتے داروں سے برا سلوک کرتے تھے پڑوسیوں پر ظلم کرتے تھے هم میں سے جو طاقت ور هوتا کمزور کو کھا جاتا تاهم اِسی حالت میں تھے کہ اللہ تعالی نے هم میں سے ایک رسول بھیجا جس کے نسب کو هم پهنچانتے تھے اور جن کی سچائی امانت کی ادائیگی اور پاکیزگی کو هم جانتے تھے انهوں نے همیں اللہ کی طرف بلایا تاکہ اسکی توحید پر ایمان لائیں اور ان پتھرون اور صنموں کو چھوڑ دیں جن کی هم پوجا کرتے تھے ۔ آپ نے همیں سچ بولنے کی تلقین کی امانت ادا کرنے کا حکم دیا لوگوں سے اچھا سلوک کرنے کی نصیحت کی پڑوسیوں سے حسن سلوک کیلئے کہا انهوں نے خون خرابے اور برے کاموں سے منع فرمایا ۔ اور کہا کہ هم جھوٹ نہ بولیں دھوکہ نہ دیں یتیم کا مال نہ کھائیں پاکدامن عورتوں پر بدکاری کی تہمت نہ لگائیں ۔ انهوں نے یہ بھی فرمایا کہ هم ایک خدا کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھهرائیں نماز پڑھیں زکاۃ دیں اور روزے رکھیں انهوں نے اسی طرح همیں اسلام کی اور کتی باتیں بتائیں جن کو هم نے سچا جانا اور ان پر ایمان لے آئے ۔ ان پر جو وحی آئی اس پر هم نے عمل کیا هم نے ایک اللہ کی عبادت کی اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھهرایا هم نے هر وہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



چیز چھوڑ دی جس کو اللہ نے حرام قرار دیا اور وہ چیز لے لی جسے حلال بتایا اس پر ہماری قوم ہماری دشمن ہو گئی ایذائیں دی گئیں اور ہمارے دین سے ورغلایا گیا تاکہ ہم دوبارہ اللہ کی بجائے بتوں کی پوجا کی طرف واپس لوٹ آئیں ۔ اور ان برائیوں کو دوبارہ کریں جن میں ہم پھنسے ہوئے تھے ... »

( ملاحظہ ہو مسند احمد ابن حنبل ۔ شرح احمد محمد شاکر ۔ دارالمعارف بمصر ۱۳۶۹ / ۱۹۵۰ ء جز ۳ ص ۱۸۰ ۔ ۱۸۱ ) ۔

( ۲۲ ) طبری : تاریخ ، جز ۱ ، ص ۱۵۶۳ ۔ ۱۵۶۴ ، بخاری : الصحیح : کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

( ۲۳ ) البخاری ، الصحیح ۔ باب فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۔

( ۲۴ ) البخاری ، باب ذکر القین والحداد ۔ ابن سعد ، الطبقات الکبری جز ۳ ، ص ۱۶۴ ۔ ۱۶۷

( ۲۵ ) ابن حجر ، الاصابہ فی تمیز الصحابہ ، قاھرہ ، المکتبۃ التجاریہ الکبری ۱۳۵۸ / ۱۹۳۹ ، جز ۲ ، ص ۲۸۸ ۔ ( ۳ ) ابن سعد ۔ طبقات ، جز ۳ ، ص ۲۲۰ ۔ ۲۳۱

( ۲۶ ) ابن سعد : الطبقات الکبری ، جز ۳ ص ۲۳۰ ۔ ۲۳۱

( ۲۷ ) ۔ ابن سعد ، الطبقات الکبری ، جز ۳ ص ۲۳۳ ۔ ۲۳۹ ، ابن حجر ، الاصابہ جز ۱ ص ۱۶۹

( ۲۸ ) ابن سعد ، الطبقات الکبری جز ۳ ، ص ۲۴۸ ۔ ۲۵۵
ابن الاثیر ، اسد الغابہ جز ۴ ، ص ۴۳ ۔ ۴۷

( ۲۹ ) قرآن ، سورۃ النساء ، ۷۵

عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجہ ، مردوں میں حضرت زید بن حارثہ اور حضرت ابو بکر صدیق اور نوجوانوں میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سب سے پہلے ایمان لائے ۔ طبری ، تاریخ : جز ۳ ، ص ۱۱۶۷ ۔ ۱۱۶۸ ، ابن سعد ، الطبقات الکبری ، جز ۳ ص ۱۷۱ ۔ ۱۷۲ جس روز حضرت ابو بکر صدیق ایمان لائے آپ کے پاس چالیس ہزار درہم تھے اور آپ تجارت کیا کرتے تھے ، اس سرمائے سے آپ غلاموں کو رہا کرا کے آزاد کر دیتے تھے ۔ اس طرح مسلمانوں کو قوی بناتے تھے جب آپ مدینہ آئے تو آپ کے پاس صرف پانچ ہزار درہم بچے تھے ان سے بھی وہی کام لیا جو مکے میں لیا کرتے تھے یعنی غلام مسلمانوں کو رہائی دلا کر آزاد کرتے تھے ۔
ابن سعد ، الطبقات الکبری ، جز ۳ ۔ ص ۱۷۲